انزائمس زخموں کو مندمل کرتے ہیں اور متعدی امراض کا علاج کرتے ہیں۔ وہ مردہ خلیوں کی بھی صفائی کرتے ہیں جو کہ جرثومون کے خلاف Immune System کی طرف سے لڑی جانے والی جنگ کے مقتولین ہوتے ہیں۔ ایک دفعہ جب جنگ ختم ہوجاتی ہے، تباہ شدہ جرثومے، انٹی باڈی۔ جرثومے مرکبات اور زہریلے مادے تمام خارج کئے جاتے ہیں، انزائمس کے محتاط کاموں کے نتیجہ میں۔ اگر یہ ناکارہ مادے جسم سے خارج نہیں کئے جاتے ہیں، تو وہ آنتوں میں اختناقِ دم (Congestion) یعنی انتوں کے خون کی نالیوں میں خون کے جمع ہونے کا سبب بن جاتے ہیں۔ انزائمس بھی اُن حالات سے بخوبی واقف ہوتے ہیں جس میں محتاط ہونا ضروری ہوجاتا ہے اور احتیاطی تدابیر اختیار کرنا پڑتا ہے اور جانتے ہیں کہ ہنگامی حالات میں کس طرح کام کیا جائے۔ مثال کے طور پر، حیوان جو سرما خوابی (Hibernate) میں مبتلا ہوتے ہیں اپنی توانائی کی ضروریات کو پورا کرنے کے لئے اپنی غذا کا استعمال نہیں کرسکتے ہیں، اِس لئے ان کے جسموں کے انزائمس بہت ہی محتاط رویہ کا اظہار کرتے ہیں۔ وہ جسم میں ذخیرہ شدہ چربی کو کاربوہیڈریٹس میں بدل دینا شروع کرتے ہیں تو یہ عمل توانائی کی پیدائش کا باعث بنتا ہے ـــــ ایسا عمل وہ دوسرے وقتوں

میں نہیں کر پاتے۔ وہ اِس استحقاق کا استعمال اُس وقت کرتے ہیں جبکہ جسم غذاؤں کا استعمال نہیں کر سکتے ہیں، اور اللہ اِن میں ودیعتی تحریک بیدار کرتا ہے — اُن پر علم اشکار کرتا ہے کہ کب اُنہیں ضرورت ہوتی ہے ایسا کچھ کرنے کی۔ انزائمس انسانی جسم میں اِس طرح سے بھی پیدا کئے گئے ہیں کہ ضرورت پڑنے پر واضح احتیاطی تدابیر اختیار رکریں۔ مثال کے طور پر، اگر کوئی ایک طویل عرصہ تک کوئی غذا نہیں لیتا ہے، انزائمس جسم کے اندر چربی کو کاربوہیڈریٹس میں بدل دیتے ہیں تاکہ توانائی کی ضرورت پوری ہو سکے۔ یہ طریقہ عمل ایک احتیاطی تقاضا ہے جو انزائمس جسم کو محفوظ رکھنے کے لئے لیتے ہیں، اور تم کبھی اِن طریق ہائے عمل سے واقف ہونے نہیں پاتے جو وہ ہمارے جسموں کو صحیح اور سلامت رکھنے کے لئے استعمال کرتے ہیں۔

یہ معجزاتی مادے (انزائمس) مسلسل بے شمار کامین اور احتیاطی تدابیر کیا کرتے ہیں تاکہ تم کو زندہ رکھ سکے، اور اپنے میں اُن صلاحیتوں کو رکھتے رہیں جو کوئی بھی اِنسانی ذہنی برتری کو قائم رکھ سکے۔

یہ قادر مطلق اللہ ہے جو اُن کو اِن تمام صلاحیتوں کے ساتھ تیار رکھتا ہے۔ اللہ توجہ دلاتا ہے لوگوں کو اِن حقائق پر اظہار خیال کرنے جن کا وہ مشاہدہ کرتے ہیں۔ نہ بھولنے عنایات کو جو اللہ اُنہیں عطا کرتا ہے اور گہرائی کے ساتھ سوچ بچار کریں اُن معجزاتی مظاہروں کے بارے میں جو وہ دیکھتے ہیں، جو کہ انسانی اہم ذمہ داریوں میں سے چند ہوتے ہیں۔

اللہ ہم سب کو اِس کے بارے میں ایک آیت میں بتلاتا ہے:

سُنتے ہو، اللہ ہی کا ہے جو کچھ ہے آسمانوں میں اور زمین میں، اُس کو معلوم ہے جس حال پر تم ہو اور جس دن پھیرے جائیں گے اُس کی طرف تو بتائے گا اُن کو جو کچھ کہ اُنہوں نے کیا تھا، اور اللہ ہر ایک چیز کو جانتا ہے۔ (سورۃ ان نور، 64)

☆ انزائمس کے کام کرنے کے شرائط

مخصوص انزائمس سونپے جاتے ہیں ہر قسم کے کیمیائی تعمل کے ساتھ، ہر جسم میں۔ چونکہ انزائمس ایک دوسرے کا کام انجام نہیں دیتے ہیں، ایک مخصوص انزائم ایک

مخصوص فرض رکھتا ہے اور موقعہ پر حاضر رہتا ہے۔ اگر انزائمس استعمال میں آتے ہیں اور تجدید ہونے نہیں پاتے ہیں، وہاں پر کوئی انزائمس نہیں ہوتے ہیں جو اُن کی جگہ لے سکے۔ جیسا کہ پہلے ذکر ہوا ہے۔ کہ تعملات کا بھی ایک دوسرے پر انحصار ہوتا ہے، بجائے مثل ڈامی نوز کے۔ اگر ایک تعمل نا کام ہوتا ہے وقوع پذیر ہونے ایک انزائم کی وجہ سے، تب تمام پوری Chain پوری ہونے سے رُک جاتی ہے۔ مثال کے طور پر، حتکہ ایک واحد انزائم کی غیر موجودگی جو DNA کی نئی Chain کی نقل ہوتے وقت دیکھ بھال کرتا ہے، عیب دار نقل کی پیدائش کا باعث بنتا ہے۔ بعد کے انزائمس خود کے اپنے افعال کو انجام دینے کے بھی قابل نہیں ہوتے، اس طرح عیب دار نا کارہ DNA جسم میں پیدا کرتے ہیں۔

انزائمس صرف ایک مخصوص Ph لیول اور تپش کے تحت ہی کارکرد ہوتے ہیں — عموماً 30 اور 70 ڈگری سنٹی گریڈ کے درمیان کام کرتے ہیں جو بطور بہترین تپش (Optimum Temperature) کے مشہور ہے۔ یہ ایک ضروری حد تک مخصوص تپش رینج ہوتی ہے، کیونکہ اِنسانی جسم کے اندرونی اوسط تپش بھی 36.5C ہوتی ہے، جو انسانی انزائمس کو کام کرنے کے لئے، ایک معیاری لیول تپش ہوتی ہے۔ کیونکہ حساس شرائط کے تحت بعض انزائمس کام کرتے ہیں، وہ ایک بہت ہی نازک تپش رینج میں کام کرتے ہیں۔ اِس لئے جسم میں ہلکی سی تپش میں تبدیلیاں ان انزائمس کے افعال پر اثر انداز ہوتے ہیں۔ جب جسم انجمادی سردی یا اونچا بخار محسوس کرتا ہے، تو انزائمس کام کرنے کی شرح کم ہو جاتی ہے ساتھ میں تمام طریقہ ہائے عمل جو وہ انجام دے سکتے ہیں متاثر ہوئے بغیر نہیں رہتے۔ بعض انزائمس حتکہ مر بھی جاتے ہیں (دیکھئے ہارون یحیٰی کی کتاب اِمیون سسٹم کا معجزہ)۔ جب تپش قریب 10°C کے بڑھ جاتی ہے تو تعمل کی رفتار دُگنی ہو جاتی ہے۔ اِس کو اگر دوسرے لحاظ سے کہا جائے، تعمل کی رفتار میں اضافہ بالراست متناسب ہوتا ہے تپش کے۔ اِس قابل لحاظ اضافہ کے بعد، بہرحال، تعمل کی رفتار دفعتاً کم ہو کر ایک نقطہ پر قائم ہو جاتی ہے۔

تعمل کی رفتاریں بتلاتی ہیں ایک دفعتاً ابتدائی اضافہ، یہ تپش صاف طور سے پیداوار کا باعث نہیں ہوتی، انزائمس کے کام کرنے کے شرائط کی اصطلاحوں میں۔ اگر چہ کہ

انزائمس، ایک قلیل اضافہ (Optimum Temperature) پر غیر متاثر رہتے ہیں، وہ دوبارہ متاثر ہوجاتے ہیں جب اُن کی تپش قدرے کم ہوجاتی ہے۔ لیکن اگر وہ اونچی تپش قائم رہتی ہے یا مزید قدرے بلند ہوجاتی ہے، انزائمس تمام اپنے اثر آفرینی کو کھودیتی ہیں، کیونکہ وہ ایک ثالثی ساخت رکھتی ہے اور اعلیٰ تپشوں پر وہ اپنی پیچدار تین رُخی ساخت کھودیتے ہیں۔

گویا کہ انزائم کی ساخت تحلیل ہوجاتی ہے، اُن کی پہلی کی ترتیب تباہ ہوجاتی ہے، اور جسے کے نتیجہ میں وہ کام کرنا بند کردیتے ہیں۔

انزائمس قدرے کم تپشوں پر بھی بے اثر ہوجاتے ہیں، لیکن سردی اُن کی ساخت کو تباہ نہیں کرتی ہے۔ تاثیر اُن کی دوبارہ بحال ہوجاتی ہے ایک دفعہ جبکہ تپش اپنے پہلے کے لیولس اختیار کرلیتی ہیں۔ غذائی انجمادی کی صنعت اِس حقیقت کا قابل لحاظ طور پر استعمال کرتی ہے۔ تغذیہ کو طویل عرصوں کے لئے منجمد (Freeze) کیا جاتا ہے، اور جب انجماد کو ختم کیا جاتا تھا تو وہ غذا پھر دوبارہ اپنی پہلے کی تغذیائی قدر کو کافی حد تک حاصل کرلی ہوتی تھی، شکر گذار ہوتے ہیں انزائمس کے لئے جو دوبارہ کارکرد ہوجاتے ہیں۔ اضافہ تپش کے علاوہ، انزائمس کے لئے بھی اہم ہوتا ہے، جسم کا Ph لیول۔ Ph مخفف استعمال میں آتا ہے ''بالقواہ ہیڈروجن'' (Potential Hydrogen) کے لئے۔ یہ کسی محلول یا ایک علاقہ میں ہیڈروجن Ions کے ارتکاز کو ظاہر کرتا ہے۔ ارتکازی قدریں 1 سے 14 کے درمیان ہوسکتی ہیں۔

ایک 7 کا لیول پانی کی موجودگی کو ظاہر کرتا ہے اور بے اثر ماحول کو بیان کرتا ہے۔ قدریں اگر 7 سے اونچی ہوتی ہیں تو وہ نشان دہی کرتی ہے ایک قلویانہ ماحول کی، اور 7 سے کم لیولس اِن کے ترشئی ہونے کو بتلاتی ہیں۔ یہ امتیازی کیفیت تعملات کے لئے بہت ہی اہمیت کی حامل ہوتی ہے جو وقوع پذیر ہوتی ہے یہ ایک مائع ماحول میں، کیونکہ جب کہ چند سالمے پانی میں حل ہوتے ہیں، دوسرے اِس سے غیر متاثر رہتے ہیں اور صرف ترشہ میں حل ہوسکتے ہیں۔

انزائمس عموماً ایک مخصوص Ph رینج میں کارکرد ہوتے ہیں جو بطور Optimum

Ph کے متعارف ہوتی ہے۔ تمام انزائمس کو ایک اوسط Ph لیول کی ضرورت ہوتی ہے تا کہ وہ کام کرسکیں، اور بعض کارکرد ہوتے ہیں ایک مخصوص Ph لیول کے اندر ہی جو اُن کے اپنے کام کے شرائط کے لحاظ سے موزوں ہوتا ہے۔

مثال کے طور پر، Pepsin — پروٹینس کی معدہ میں تحلیل کرتا ہے — جو ایک Ph_2 کی قدر کے ترشئی ماحول میں ہی صرف بہتر طور پر کام کرسکتا ہے۔

Trypsin، جو لبلبہ (Pancreas) سے لبلبی رس کا افراز کرتا ہے اور یہ پروٹین کے ہاضمہ میں ایک اہم کردار ادا کرتا ہے، ویسے Ph8.5 کے ماحول میں زیادہ بہتر طور پر کام کرتا ہے جبکہ ایک طاقت کے حامل ترشئی یا قلوی ماحول اِس کی تباہی کا سبب بن جاتا ہے، ویسے زیادہ تر یہ ماحول انزائم کی ساخت کو بھی تباہ کردیتا ہے۔

اگرچہ کہ انزائمس زیادہ حساس کام سے متعلق شرائط کی خاطر خواہ طلب رکھتے ہیں، زندہ اجسام، معیاری خصوصیات کے ساتھ ان سالموں کے کاموں کے کرنے کے لئے ہوتے ہیں۔ یہ ایک حقیقت ہوتی ہے کہ انزائمس کے دو ہزار سے زائد اقسام میں سے ہر ایک زندہ اجسام کے ماحول کی مناسبت کے لحاظ سے کام کرتے ہیں، جو اِس بات کی دلالت ہوتی ہے کہ اجسام اور انزائمس دونوں خاص طور پر اِس کام کے لئے پیدا کئے گئے ہیں۔ یہ اللہ ہی ہے جو انسانی اجسام پیدا کرتا ہے، اور اُن کے لحاظ سے مختلف شرائط کا بھی تعین کرتا ہے وہ اِس طرح کہ ہر جسم کے مختلف ساختوں کے ساتھ مطابقت رکھتے ہیں اور اُسی لحاظ سے انزائمس بھی پیدا کرتا ہے۔ اللہ اپنے لامحدود معلومات کے ساتھ پیدا کیا ہے سارے شرائط کو جو ایک اِنسان کی بقا کے لئے ضروری ہوتے ہیں۔ اِس لحاظ سے اِن کئی انزائمس کے لئے ناممکن ہوتا ہے، آئین اطراف میں یا ہوجائیں، باہم طور پر ہم آہنگ — ایک اتفاق کے نتیجہ میں۔

اُس کی زبردست کاریگری کا اظہار ہوتا ہے اِن آیات میں:

میں نے بنائے ہیں سات آسمان تہہ پر تہہ، کیا تو دیکھتا ہے رحمٰن کے بنائے میں کوئی فرق، پھر دوبارہ نگاہ دوڑا، کیا تجھ کو کہیں نظر آتی ہے کوئی، دراڑھ، پھر لوٹا کر نگاہ کو دو

دوبار، لوٹ آئے گی تیرے پاس تیری نگاہ دَرد ہو کر تھک کر۔ (سورہ الملک، 4-3)

☆ انزائمس کے اقسام

وہاں پر انزائمس تمہارے جسم میں ہر جگہ موجود ہوتے ہیں، لیکن ہر ایک کو اُن کے لئے متعینہ کاموں کو انجام دینا ہوتا ہے۔ مختلف انزائمس مختلف اشکال میں کام کرتے ہیں، مختلف رفتاروں اور مختلف Substrates کے ساتھ کام کرتے ہیں، جو اُن کے مختلف اقسام کے لحاظ سے شمار میں آتے ہیں۔

انزائمس اُن کے بنیادی افعال کے، جو وہ انجام دیتے ہیں، مطابق اُن کے عمومی طور پر درجہ بندی کی جاتی ہے۔ انزائمس جو جسم کے سارے تعمیری و تخریبی (Metabolism) کاروائیوں کو برقرار رکھتے ہیں، تنفّسی نظام سے اعصابی نظام تک، Metabolic Enzymes کے نام سے موسوم ہوتے ہیں۔ اور وہ جو کہ باہم جذب کرتے ہیں غذا کو جو ہم کھاتے ہیں، ایسے گروپس Food Enzymes کہلاتے ہیں۔ تیسرا انزائمس کا گروپ بطور Enzymes Disgestive کے متعارف ہوتا ہے۔

☆ Metabolic Enzymes

غذائیں قابل نفوذ حالت میں لائی جاتی ہیں اور ہضم کی جاتی ہے، اِس سلسلے میں بے شمار مٹابالک طریقہ ہائے عمل وقوع پذیر ہوتے ہیں۔ Metabolism نام دیا جاتا ہے اُن شاندار مظاہر کو جو جاندار کے خلیات میں وقوع پذیر ہوتے ہیں اور وہ بھی انزائمس کے زیر کنٹرول ہوتے ہیں، یہ انزائمس جسم میں ہر مٹابالک طریقہ عمل کو ہدایات دیتے ہیں، لاتے ہوئے توانائی کے اور اشیاء کی پیداوار کے۔

ATP کی پیداوار اور پروٹین کی پیدائش ہوتے ہیں دو بڑے مٹابالک تعملات، مٹابالک انزائمس اِن تمام طریقہ ہائے عمل کرانے اور انجام دینے کے لئے ذمہ دار ہوتے ہیں۔

تولیدی خلیات کے اِستشناء کے ساتھ — جو صرف 0.1% جسم کے وزن کی نمائندگی کرتے ہیں — تمہارا جسم، 12 سال پہلے کے جسم سے بالکلیہ مختلف ہوتا ہے۔ اُن

12 سالوں میں، تمام خلیات، تمہارے جسم کے، پورے، طور پر نئے ہو گئے ہوتے ہیں۔ تمہارا جگر وہ نہیں ہے جو کبھی تھا۔ اِسی طرح سے یہ کہ تمہارے دوران خون کے نظام میں خون کے خلیات وہ نہیں ہوتے ہیں جو 10 سال پہلے ہوا کرتے تھے۔ تمہارے اعضاء بھی پورے طور پر بدل کر نئے ہو گئے ہیں، پورے طور پر نئے خلیات اور سالموں کے ساتھ۔ یہ بے شک ایک حیرت انگیز عجوبہ ہوتا ہے۔ غیر معمولی تیز رفتار تبدیلیاں نئے سرے سے Epidermis میں واقع ہوتی ہیں۔ ہر تین ماہ میں تمہیں اللہ کی طرف سے ایک نئی جلد (Skin) عطا کی جاتی ہے۔ ما باقی تمہارے اعضاء بھی تب اِسی لحاظ سے ہوتے ہیں۔ سالوں میں، تمہارے پھیپھڑے، گردے، معدہ اور تمام تمہارے دوسرے اعضاء بدل جاتے ہیں — حتّٰکہ تمہاری آنکھیں جو اب تم ان سطور کو پڑھتے ہو۔

آہستہ ترین تبدیلیاں ہڈیوں اور کارٹیلیج میں ہوتی ہیں۔ ان کے لئے پورے طور پر تبدیل ہونے کے لئے 10 سال درکار ہوتے ہیں — تاہم یہ بھی اخرش نئ ہو جاتی ہیں۔ اِس وجہ کے لئے، وہاں جسم میں بناوٹ کے لئے ایک مسلسل ضرورت لاحق رہتی ہے۔ اور کارکُن جو تمہارے جسم کی بناوٹ میں مصروف رہتے ہیں، اُن میں زیادہ اہم مٹابالک انزائمس ہوتے ہیں۔ وہ 45 ضروری تغذیات کی ذمہ داری لیتے ہیں اور اُن کو پٹھوں (Muscles)، اعصاب، ہڈیوں، خون اور اعضاء میں منتقل کرتے ہیں۔ بنیادی لیول پر، وہ Fuel مہیا کرتے ہیں جو خلیات کو زندہ رکھتے ہیں۔ وہ داخل ہوتے ہیں تمام تعملات میں جو خلیہ کے لئے ضروری ہوتے ہیں تاکہ اُس کے اپنے افعال کو وہ پورا کر سکے اور اُن افعال کو ایک بہت ہی کم وقت میں ختم کر سکے۔

وہ تمام اہم معاملات میں کارکرد رہتے ہیں، جیسے کہ DNA کے نقول کی تیاری میں، ATP توانائی کی ذخیرہ اندوزی میں، تغذیہ کا خلیات میں ادخال اور ناکارہ مادوں کے اخراج میں، اور تمہارے حساس اعضاء سے اعصاب تک برقی سگنلس کی بہم رسانی میں مصروف رہتے ہیں۔

مٹابالک انزائمس ہوتی ہیں ایک بڑی عنایت، جو ہم کو ہمارے پروردگار کی

طرف سے عطا کی جاتی ہے، گویا کہ ہم ہماری پیدائش کے لمحہ سے بہرور ہوتے ہیں ان اہم خزانوں سے۔ وہ اُسی لمحہ سے ہمارے لئے مصروف بکار ہوتے ہیں جب سے کہ ہماری زندگیاں شروع ہوتی ہیں، ہمیشہ کمر بستہ انجام دینے کے لئے بے شمار افعال ہمارے مفاد میں— یہی وہی انزائمس ہوتے ہیں دہراتے ہیں وہی کامیں بار بار، کبھی رُکتے نہیں۔ تاہم وہ خود کے اپنے دورحیات رکھتے ہیں۔ انزائمس تعداد میں کم ہوتے جاتے ہیں جیسے جیسے ہم بوڑھے ہوتے جاتے ہیں۔ بڑھاپا ایک الگ اصطلاح ہوتی ہے، جسم میں انزائمس کی تعداد میں کمی کے لئے، اور اِس لئے وہ وقت کے ساتھ ساتھ وہ کام کرنے کی اُتنی اہلیت نہیں رکھتے جتنی کہ وہ پہلے رکھتے تھے۔ بڑھاپا حقیقت میں محض ایک اشارہ نہیں ہوتا کہ کس قدر ایک شخص زندہ رہا ہے، بلکہ آیا یہ بافتیں انسانی جسم میں پورے طور پر کام کررہے ہیں۔ ان بافتوں (Tissues) کا انحصار اُن انزائمس کے لیول پر ہوتا ہے جو ہر خلیہ کے Metabolism کے کردگی سے متعلق ہوتے ہیں۔ دوسرے الفاظ میں، جتنے زیادہ اور کارکردانزائمس رہیں گے، اُتنے ہی زیادہ ایک شخص کا Metabolism جوان رہے گا۔

اِس میں کوئی شک نہیں، اِن تمام نظاموں کی کارکردگی اور اِس مٹابالک آرڈر کی بحالی بالکلیہ تمہارے کنٹرول سے باہر ہوتی ہے۔ حتکہ اگر لوگ جوان ہوتے ہیں اور متوازن غذا کا استعمال کرتے ہیں، وہاں پر کوئی چیز نہیں ہوتی تمہارے اختیار میں کہ تم رکھ سکو اپنے جسموں کو زندہ، اگر اُن کے انزائمس انجام نہیں دیتے ہیں مفوضہ ضروری افعال کو۔ خلیات مرنا شروع کردیتے ہیں، تاہم نئے نہیں ہوپاتے، اوراعضاء وقت کے ساتھ اپنے افعال کی انجام دہی میں ضروری صلاحیتیں مزید کھوتے جاتے ہیں۔ انزائمس ایسی ہستیاں ہوتی ہیں جو کسی بھی شخص کو زندہ رکھتی ہیں۔ بہر حال، کبھی نہ بھولو کہ انزائمس تمام کے تمام پروٹینس ہوتے ہیں بغیر کسی ذہانت کے یا شعور کے۔ جس کا ہم حوالہ دیتے ہیں، جیسا کہ "Metabolism" کا۔ یہ کچھ اور نہیں سوائے اِس کے اِن پروٹینس کے افعال ہیں۔

وہاں پر کوئی خاص بات نہیں ہوتی بھروسہ کرنے اِن ہستیوں پر، رکھنے تم کو زندہ، اور یہ بالکلیہ غیر واجبی ہوگا سوچنا کہ یہ ہستیاں قوت رکھتے تھے لوگوں کو زندہ رکھنے کی، اتفاق

سے۔ ہم کو ضرورت ہے سمجھنے کی کہ یہ اللہ ہے جو اِنسانوں کو زندہ رکھتا ہے۔ اللہ نے پیدا کیا ہے تمام نظامس کو جو ایک اِنسان سے متعلق ہوتے ہیں، جو پیدا کرتا ہے ودیعتی تحریک اُن میں انجام دینے اُن کے افعال کو ہر لمحہ، پیدا کرتا ہے اُنہیں ہر لمحہ اور رکھتا ہے اُنہیں اپنے کنٹرول میں ہمیشہ۔

اگر ایک نظام تمہارا کچھ دیر کے لئے رُک جاتا ہے، تمام کچھ جو تم کرسکتے ہو، لینا ہوتا ہے ضروری احتیاطی تدابیر ساتھ میں اللہ سے رجوع ہوتے ہو، اور اُس کی مدد کے طلبگار ہوتے ہو۔ یہ اللہ ہے، جو تمہیں زندہ رکھتا ہے؛ جو تمہاری مدد کرتا ہے۔ اللہ ظاہر کرتا ہے اِس چیز کو ایک آیت میں:

''اللہ ہی کی سلطنت ہے آسمانوں میں اور زمین میں، جلاتا ہے اور مارتا ہے، اور تمہارا کوئی نہیں اللہ کے سوا حمایتی اور مددگار۔'' (سورۃ توبہ، 116)

☆ غذائی انزائمس

ہر لُقمہ جو تم کھاتے ہو، وہ رکھتا ہے اپنے میں بلڈنگ بلاکس جو تمہارے جسم کی بناوٹ میں استعمال میں آتے ہیں۔ غذا جو تم کھاتے ہو داخل ہوتی ہے بہت ہی زیادہ اہم عنصر کے ساتھ جو خود غذا کو ہضم کرنے میں مددگار ہوتی ہے: خود کے اپنے انزائمس ہوتے ہیں۔

غذائی انزائمس ہر غذا میں شریک ہوتے ہیں جن کا ہم ہر جگہ زمین پر سامنا کرتے ہیں، تاہم وہ حرارت کی مزاحمت نہیں کرپاتے۔ جب تم غذا کو پکاتے ہو، تو تم تمام غذا میں پائے جانے والے انزائمس کھودیتے ہو۔ بہر کیف! اگر تم ایک کچھ غذا کھاتے ہو تو اُس غذا میں پائے جانے والے انزائمس غذا کا 75% حصہ ہضم کرلیتے ہیں۔ کسی غذا کا خود کے اپنے انزائمس سے ہضم ہونا جسم کے لئے ایک بہت اہم امداد ثابت ہوتا ہے، کیونکہ تمہارے نظام کو اِضافی انزائمس تیار کرنے میں تھکاوٹ کی ضرورت لاحق نہیں ہوتی، اور اُس کو مٹابالک انزائمس کی پیداوار میں کسی طرح کی کمی لانے کی ضرورت نہیں پڑتی جو خلیات کے لئے اِس قدر لازمی ہوتے ہیں، تاکہ ہضمی انزائمس کو پیدا کرنے کا سلسلہ قائم رکھ سکیں، بنا کسی رُکاوٹ کے۔ غذاؤں میں مسلسل کارکرد رہنے والے انزائمس کی بہترین

مثالیں وہ انزائمس ہیں جو پھلوں میں موجود ہوتے ہیں۔ اُس کی ایک مثال گرین کیلا ہے جو 20% نشاستہ اپنے میں رکھتا ہے، جب اِسے کسی گرم جگہ پر کچھ دیر کے لئے رکھ چھوڑا جاتا ہے، تو اِس کا Amylase انزائم اِس 20% نشاستہ کو 20% شوگر میں بدل دیتا ہے، اُسی شوگر کا قریب ایک چوتھائی حصہ گلوکوز ہوتا ہے، جس کو آپ جسم کو کوئی ضرورت نہیں ہوتی کہ اُسے ہضم کرے۔ شکرگزار ہیں ہم اُن انزائمس کے جو کیلا اپنے میں رکھتا ہے، پھل پورا کرتا ہے ایک بڑے کام کو جو عموماً طے پاتا ہے جسم میں قبل اِس کے کہ وہ ابھی استعمال میں آتا ہے۔

مثل کیلے کے جس کا تذکرہ بالا مثال میں کیا گیا ہے، ہر پھل یا ترکاری جو کھائے جاتے ہیں بغیر پکائے جانے کے، بہم پہنچاتے ہیں ہما اقسام کے تغذیائی فوائد، بغیر جسم کو نقصان پہنچائے کے۔ جب تم کیلا کھاتے ہو، اُس کے خود کے انزائمس پہلے ہی سے تیار شدہ تغذیات کو، پیش کرتے ہیں تمہارے خلیات کے لئے، اُنہیں تحلیل کرکے — ساتھ میں ہضمی عمل کے جو منہ میں شروع ہوتا ہے — چھوٹے چھوٹے اجزاء میں جو کام میں لائے جاسکتے ہیں تمہارے مٹابالک انزائمس سے، جو تب اُنہیں جزوئے جسم بناتے ہیں، بدل کر اُنہیں ساختی مادوں میں جن کی خلیات کے لئے اور خاص الخاص ساختی نامیاتی اجسام کے لئے خلیات میں ضرورت لاحق ہوتی ہے۔

غذاؤں میں پوشیدہ انزائمس قابل ہوتے ہیں ہضم کرنے صرف خاص زیر بحث غذا کو۔ مثال کے طور پر، Amylase نامی انزائم، (Bananas) میں موجود ہوتا ہے صرف نشاستہ پر ہاضمہ کا عمل کر پاتا ہے یہ Amylase انزائم غذا میں پائے جانے والے الو کے نشاستہ کو ہضم نہیں کر سکتے۔ تم ایک کیلا کھانے کے بعد، کیلے میں موجود انزائمس، ایک پکے ہوئے گوشت کے ایک ٹکڑے کو ہضم کر نہیں سکتے ہیں۔ اور نہ یہ انزائمس اور انزائمس کا اضافہ تمہارے جسم میں کر سکتے ہیں۔ اُن کا کام زیر بحث غذا کے ہضم ہونے کے ساتھ ہی ختم ہو جاتا ہے۔ ایک انزائم جو ساتھ غذا کے جسم میں داخل ہوتا ہے پہچانتا ہے اُس غذا کو جس کو کہ اُسے ہضم کرنا ہوتا ہے، باوجود اُس غذا کے منہ میں چھوٹے ذرات میں بٹنے کے، خود کو تیار کرتا ہے اُس کو ہضم کرنے کے لئے۔ ان خواص کے دئے جانے پر، انزائم کے سالمے

لفظی لحاظ سے ذہانت کے ساتھ عمل پیرا ہوتے ہیں۔ بے شک ایک بے جان سالمہ، حقیقت میں، ذہانت کو ظاہر نہیں کر سکتا ہے — جو ذہانت ہم دیکھتے ہیں افعال میں جو انزائمس انجام دیتے ہیں، واقعتاً قادرِ مطلق اللہ کی ملکیت ہوتی ہے، جو انہیں پیدا کرتا ہے اور جانداروں کی خدمت کے لئے رکھ چھوڑتا ہے۔

جب تم ایک پکی ہوئی غذا کھاتے ہیں جو اپنے تمام انزائمس کھو چکے ہوتی ہے، سارا ہاضمہ کا کام اُن انزائمس پر آتا ہے جو پہلے ہی سے جسم میں تیار ہوتے ہیں۔ ہاضمی اعضویات، لبلبہ (Pancreas) خصوصی طور پر، ہوتا ہے غیر معمولی طور پر پیدائش کے انداز میں طمانیت دینے غذا کے ہاضمہ کی جو داخل ہو چکا ہوتا ہے معدہ میں، پیش کرتے ہوئے خاطر خواہ انزائمس کی مقداریں۔ اور یہ لبلبہ کی پیداوار یعنی اُس کا یہ افراز میٹا بالک انزائمس کی شرح پیداوار کو گھٹانے کا سبب بن جاتا ہے۔ اِس کا مطلب یہ کہ غیر اطمینان بخش پیداوار ہو سکتی ہے اعضاء کے صحیح ڈھنگ سے کام کرنے کے لئے، خود کی تجدید کرنے، اور امراض سے مقابلہ کرنے کے لئے۔ اِس طرح جسم خرچ کرتا ہے توانائی غذاؤں کے ہاضمہ پر، جس کو کہ اُسے استعمال کرنا چاہیے تھا خود کے اپنے بالیدگی پر اور مدافعتوں پر۔

انسانی غذاؤں میں انزائمس کی اہمیت پر پہلے کے محققین میں ایک، ڈاکٹر اڈورڈ ہاوَل نیشنل اِنزائم کمپنی کا بانی کا یہ کہنا ہے: وہ بہت ہی قیمتی اثاثہ ہے جو ہم رکھتے ہیں اور ہم کو بیرونی انزائمس کی امداد کو خوش آمدید کہنا چاہیے۔ اگر ہم پورے طور پر منحصر ہوتے ہیں انزائمس پر جو ہمیں ورثہ میں ملے ہیں، وہ استعمال میں آجائیں گے ٹھیک جیسے ورثہ میں ملی دولت جو مزید اضافہ نہ ہوتی رہی تھی مسلسل آمدنی سے۔

غذاؤں کو انزائمس کے ساتھ عطا کر کے، اللہ نے عطا کیا ہے ایک بہت ہی اہم انعام ہم سب کو۔ طریقۂ عمل جو یہ انزائمس جانتے ہیں کہ کیا اُنہیں کرنا چاہیے جیسے ہی وہ جسم میں غذا کے ساتھ داخل ہوتے ہیں، ایک میکانیزم کو اپنا لیتے ہیں جو اُن کے لئے بالکلیہ طور پر بیرونی ہوتا ہے اور فوری طور پر شروع کرتے ہیں طریقۂ عمل، غذا کو جس کو کہ انہیں ضرورت ہوتی ہے ہضم کرنے کی، ہوتا ہے لفظی طور پر معجزاتی۔ یہ انزائمس لفظی طور پر عمل درآمد شروع

کرتے ہیں ایک شعوری طریق میں اور جانتے ہیں کہ اُن کو جانا چاہیے عمل کے میدان میں اُسی لمحہ پر جبکہ غذا اٹتی جاتی ہے۔

وہ کبھی بھی تباہ نہیں کرتے خام حالت میں عمل پیرا ہوکر: اور نہ عمل پیرا ہوتے ہیں اِس کے منہ میں داخل ہونے کے گھنٹوں بعد: وہ اپنا کام شروع کرتے ہیں ٹھیک صحیح وقت پر اور ختم کرتے ہیں سارے مفوضہ کام کو ایک بڑی رفتار پر۔ اِن سالموں کی مدد سے، ہر پھل جو تم کھاتے ہو بدل جاتا ہے بلڈنگ بلاکس میں جن کے ساتھ جسم خود کی تجدید کرسکتا ہے۔

اِس طرح یہ ممکن ہوتا ہے کہ تمہاری آنکھیں دیکھنا جاری رکھتی ہے، تمہارے پاؤں حرکت کرتے ہیں اور تمہارے عضویات کام کرنے لگتے ہیں۔

یادرکھو، یہ بے شعور سالمے ہوتی ہیں ہستیاں جن کو اللہ نے پیدا کیا ہے اور کبھی غلطی نہیں کرتے کیونکہ وہ اللہ کے ہدایات کے تحت کام کرتے ہیں وہ اللہ کی لامحدود ذہانت کے تحت کام کرتے ہیں اور اُس کے آگے اپنے سروں کو جھکائے رہتے ہیں۔ اللہ اِس بات کو ہم سے ایک دوسری آیت میں یوں کہتا ہے: ''میں نے اللہ پر توکل کرلیا ہے جو میرا بھی مالک ہے اور تمہارا بھی، مالک ہے جتنے روئے زمین پر چلنے والے ہیں سب کی چوٹی اِس نے پکڑ رکھی ہے: یقیناً میرا رب صراط مستقیم پر ہے۔'' (سورہ ہُود، 56)

☆ ہاضمی انزائمس

بعض انزائمس جسم میں ہاضمہ کی قوت سے نوازے گئے ہیں۔ Lipase نامی انزائم چربی کو نفوذ پذیر حالت میں لاتا ہے، Protease نامی انزائم پروٹینس کو باریک ذرات میں تحلیل کرتا ہے، سلولیز Fiber کو باریک ذرات میں تقسیم کرتا ہے، Amylase نشاستہ کو باریک ذرات میں بانٹ دیتا ہے، Dairy, Lactase سے بنی اشیاء کو توڑ پھوڑ دیتا ہے، Sucrase شوگر کو باریک ذرات میں منتقل کرتا ہے، اور Maltase، آجناسی دانوں کو باریک اجزاء میں تحلیل کردیتا ہے۔

ہاضمی انزائمس کی موجودگی مٹابالک انزائمس کے لئے بہت ہی اہمیت کے حامل ہوتی ہے، ہضمی عمل کا کام ایک خاص انزائم گروپ سے لیا جاتا ہے جو Metabolism کو

تھکاوٹ سے روکتے ہیں۔

جب تک کے ہاضمی انزائمس موجود ہوتے ہیں، ہمارے اجسام کے مٹابالک انزائمس، اکیلے جاری رکھتے ہیں خود کے اپنے کاموں کو اور اُنہیں ضرورت لاحق نہیں ہوتی ہے حصہ لینے اِس جیسے ایک پیچیدہ اور تفصیلی طریقہ عمل میں جیسے کہ ہاضمہ کے عمل میں۔

اِس وجہ سے ایک شاندار میکانیزم اِنسانی جسم میں مسلسل کارکرد ہوتا ہے۔ جب کبھی تم دیکھتے ہو یا سونگھتے ہو کچھ کھانے کی چیز کو، یا حتٰکہ اگر تم اُس کے بارے میں سوچتے ہو، تمہارا جسم ہضمی انزائمس کی پیداوار شروع کرتا ہے۔ یہ تحریکات بڑی اہمیت کی حامل ہوتی ہیں، تیار کرتے ہیں تمہارے جسم کو سودا کرنے غذا کے ساتھ قبل اِس کے تم حتٰکہ لیتے ہو ایک لقمہ منہہ میں۔

ہاضمہ کا عمل شروع ہوتا ہے منہ میں، فوری بعد غذا کے چبائے جانے کے۔ Saliva (لعاب دہن) رکھتا ہے اپنے میں خاص انزائمس، اور وہ جیسے ہی غذا سے تماس میں آتے ہیں، وہ غذا کی توڑ پھوڑ کرنا شروع کردیتے ہیں۔ ہم غذاؤں کی بیرونی دیواروں کو چبانے کے عمل کے دوران توڑ دیتے ہیں۔ اگر غذا خام ہوتی ہے، تو انزائمس جو اِن میں ہوتے ہیں چھوڑ دئے جاتے ہیں شروع کرنے ہضمی طریقے عمل کو، کاربوہیڈریٹس منہ میں ہضم ہونا شروع کرتے ہیں، جب Saliva کا Amylase اِنزائم، نشاستہ میں موجود سالماتی Bonds کو توڑ دیتا ہے اور Saliva میں پانی کے سالموں کو شامل کردیتا ہے۔ وجہ کہ کیوں تم محسوس کرتے ہو ایک بڑھتے ہوئے میٹھے ذائقے کو جب تم ایک روٹی کے ٹکڑے کو چباتے ہو، وہ ہوتا ہے انزائمس جو تمہارے لعابِ دہن میں ہوتے ہیں بدل رہے ہوتے ہیں روٹی میں موجود نشاستہ کو شوگر میں۔

ہضمی عمل منہہ میں ہونے کے لئے، ضروری Ph کی قدر ہوتی ہے درمیان میں 6.0 اور 7.4 کے اور انزائم Amylase بہتر طور پر کام کرنا ہے اِس Ph کے قدر یا رینج میں۔ معدہ، دوسری طرف، ایک انتہائی ترشئی ماحول رکھتا ہے، ساتھ میں ایک Ph قدر کے درمیان میں 1.0 اور 3.5 کے — یہ ترشئی شرائط، Amylase کی کارکردگی کو روک دیتے

ہیں۔ اِس وجہ سے، معدہ میں، کاربوہیڈریٹس کا ہضمی عمل ہونے نہیں پاتا ہے۔

ہاضمہ کا عمل شروع ہوتا ہے منہ سے، تب رہتا ہے جاری معدہ میں اور تب آنتوں میں، اُن میں سے ہر ایک میں اپنے کام کرنے کے شرائط کے لحاظ سے ایک دوسرے سے قدرے مختلف ہوتے ہیں۔ اِس لئے وہ مناسب طور پر مختلف انزائمس پر بھروسہ کرتے ہیں۔

☆ معدہ میں خصوصی انزائمس

ہضمی راستہ کے ساتھ جو شروع ہوتا ہے منہ سے، بعد میں اس کا بڑا ٹھکانہ معدہ ہوتا ہے۔ جیسا کہ ساتھ میں تمام اعضویات کے معدہ اپنے میں انزائمس رکھتا ہے جو خاص افعال انجام دیتے ہیں۔ معدہ کے قدرے سخت ماحول میں انزائمس کی بطور خاص موجودگی، ماحول میں ہر چیز، جو داخل ہوتی ہے، حل ہو جاتی ہے، اور ٹوٹ پھوٹ جاتی ہے، بے شک، یہ سب بہت ہی حیرت انگیز کام ہوتا ہے۔ پھر بھی یہ مددگار یعنی انزائمس ہر صورت میں خاص طور پر معدہ میں کام کرنے کے لئے تیار رہتے ہیں، اور ہوتے ہیں اِس عظیم معجزہ کا دوسرا حصہ، جسم انسانی میں۔

معدہ ایک غیر معمولی ترشئی ماحول اپنے میں رکھتا ہے، اِس کی دیواروں کو ترشہ کے مُضر اثرات سے محفوظ رکھنے کی ضرورت ہوتی ہے۔ ہضمی انزائمس کو ضرورت لاحق ہوتی ہے قابل ہونے اِس ترشئی ماحول میں، زندہ رہنے کے لئے۔ معدہ کو دونوں حالات کا سامنا کرنا ہوتا ہے۔ چنانچہ معدوی اندرونی دیوار کی استر کاری ایک بلغمی پرت (Mucous Layer) سے ہوتی ہے جو معدہ میں داخل ہونے والی غذا کے تماس میں رہتی ہے، یہ پرت اپنے میں تین قسم کے خلیات رکھتی ہے۔ اِن میں سے ایک ہیڈروکلورک ترشہ (Hcl) کا افراز (Secretion) کرتے ہیں۔ یہ ترشہ بہت ہی طاقتور ترشئی محلول ہوتا ہے، اِتنا طاقتور کہ حتّٰی کہ پتھر کو بھی اپنے میں حل کر لے۔ یہ طاقتور کیمیکل بھی ہضمی طریقہ عمل میں ایک اہم کردار ادا کرتا ہے، یہ تمام پروٹینس کی توڑ پھوڑ کرتا ہے، خاص طور سے گوشت کی جو معدہ میں آتا ہے، اور تمام ضرر رساں جرثومون کو مار ڈالتا ہے۔ اِس ترشہ کی دوسری اہم خصوصیت وہ Pepsinogen کو کارکرد کرتا ہے جو پہلے ہی سے معدہ میں موجود ہوتا ہے، اور یہ پروٹینس

کی توڑ پھوڑ کرتا ہے۔ Pepsinogen کا افراز خالی معدہ میں نہیں ہو پاتا ہے۔ تاہم جب کوئی غذا معدہ میں داخل ہوتی ہے، تو Pepsin,Pepsinogen انزائم میں بدل جاتا ہے، اور ایک Activator Protein کی مدد سے، لفظی طور پر، جیسا کہ کسی کے حُکم دینے پر غذا کو باریک ذرات میں توڑ دیتا ہے۔

کیسے ہم تشریح کر سکتے ہیں اُس طریق کی کہ جس طرح سے Pepsin ہاضمہ کا عمل شروع کرتا ہے پہچانتے ہوئے ایک گوشت کے ایک ٹکڑے کو جو پروٹینس اور چربی پر مشتمل ہوتا ہے، تاہم معدہ کی دیواروں کو کسی قسم کا نقصان پہنچانے نہیں پاتا جو خود بھی اگرچہ کہ پروٹین اور چربی پر بنیادی طور پر مشتمل ہوتا ہے؟ دوبارہ، کس طرح ہم اُس طریق کی وضاحت کرتے ہیں کہ Hcl، خود معدہ کو اپنے میں حل کرنے نہیں پاتا ہے اور نہ مددگار انزائم کو؟ ایک انزائم کے لئے، نارمل شرائط کے تحت، یہ ناممکن ہوتا ہے، اور ایک ترشہ کے لئے، سالموں کے لئے، پیام رساں ہارمونس کے لئے یا حتّٰی کہ خود معدہ کے لئے پہچان پانا ترشہ کے خطرات کو، یا غذا کو جس کو کہ ہضم ہونے کی ضرورت ہوتی ہے، اور لینا ہوتا ہے واضح طور پر احتیاطی تدابیر ایک مستقل اور ہر غلطی سے پاک بنیاد پر ہر دن کے خاص وقتوں پر؟ یہ اللہ ہی ہے جو اِس چیز کو ممکن بناتا ہے، یقین دلاتا ہے کہ یہ طریقہ ہائے عمل بغیر مداخلت کے وقوع پذیر ہوتے ہیں اندرون میں تمام اِنسانوں کے جو زمین پر زندگی گذارتے ہیں، اور جو یقین دلاتا ہے کہ سالمات حاصل کرتے ہیں اپنے ہدایات، انجام دیتے ہیں اُنہیں اور ہوتے ہیں مطابقت میں ایک دوسرے کے ساتھ۔

یہ ناممکن ہوتا ہے ایک سالمہ کے لئے واقف رہنا دوسرے سالمہ کے بارے میں محض اتفاقات سے، اور اُس کے لئے کارکرد ہونا، اتفاق سے، خطرات سے واقف ہونا اتفاق سے اور مناسب احتیاطی تدابیر اختیار کرنا اتفاق سے۔ اِن پیچیدہ ساخت کے حامل سالموں میں سے ہر ایک، لفظی لحاظ سے ایک دوسرے سے ربط میں ہوتے ہیں، نہیں اُبھر سکتے ہیں بغیر کسی چیز کے، اتفاق سے، اور نہ جمع کئے گئے ہیں ایک Chain کے ذریعے، لاشعور واقعات سے اور نہ شروع کرتے ہیں اپنے افعال، دوبارہ اتفاق سے۔ ہر کوئی جو سمجھ

اور صحیح ضمیر کا حامل ہوتا ہے، جو اِظہار کرتا ہے اپنے تاثرات ایمان داری کے ساتھ کر گزرتا ہے جو کچھ کہ وہ دیکھتا ہے اور جانتا ہے، اِس کھُلی حقیقت کو فوری طور پر سراہتا ہے۔

انعام کی لامحدود قدرت کے ساتھ اللہ پہنچاتا ہے اپنے بندوں تک، جس کا اظہار ذیل کی آیت میں کرتا ہے: ''بھلا جو پیدا کرے برابر ہے اُس کے جو جو کچھ نہ پیدا کرے، کیا تم سوچتے نہیں، اور اگر شمار کرو اللہ کی نعمتوں کو نہ پورا کرسکو گے اِن کو، بے شک اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔'' (سورہ نحل،18-17)

حتٰکہ زیادہ اہمیت کے حامل تفصیلات معدہ کے ہضمی طریقہ ہائے عمل میں شامل ہوتے ہیں۔ معدہ کے اندرونی دیواروں کی استرکاری ایک حفاظتی پرفلکٹ شئے کے ساتھ ہوتی ہے۔ حساس ساغر کے شکل کے خلیات اِس پرفلکٹ حفاظتی بلغمی پرت کا افراز کرتے ہیں، جو ٹھیک جیسے حفاظتی پرت کا کام انجام دیتے ہیں، حتٰکہ قبل اِس کے ترشہ اور توڑ پھوڑ کرنے والے انزائمس کام کرنے اُبھرتے ہیں۔ باوجود کہ یہ حفاظتی شئے کی پرت کے غیر معمولی طاقت کے ہونے کے معدہ ہنوز کھودیتا ہے پندرہ لاکھ خلیات کو ایک دن میں، ترشہ اور انزائمس کے اثرات سے متاثر ہوکر۔

معدہ کی تمام اندرونی استرکاری تباہ ہوجاتی ہے، لیکن تب ہر تین دن میں اِس کی تجدید ہوجاتی ہے۔

معدہ کے اندرونی استرکاری کی ہمیشہ، اِن طبعی طور پر مرے ہوئے خلیات کے بدلے، تجدید نہیں ہوسکتی تھی۔ یہ نظام اِس قدر سختی کے ساتھ کنٹرول میں ہوتا ہے کہ تم بالکلیہ طور پر اُن ہونے والی مداخلت سے ناواقف رہتے ہیں۔ نئے خلیات ہمیشہ پیدا ہوتے ہیں لینے جگہ اُن خلیات کی جو مر گئے ہوتے ہیں۔ پُرانے خلیات کی تباہی اور نئے خلیات کا پیدا ہونا جو لیتے ہیں جگہ پُرانے تباہ شدہ خلیات کی، دونوں وقوع پذیر ہوتے ہیں اللہ کی مرضی سے۔

Ulcers ہوتے ہیں ایک یاد ہانی کے بطور نتائج کے اِس ایک نظام کی غیر موجودگی میں۔

بے قاعدگی شریک ہوتی ہے حفاظتی بلغمی پرت کے افراد میں ناکامی کے نتیجہ میں،

ایک نہ ایک سبب سے۔ ترشہ اور انزائمس معدہ کے دیوار کی تباہی شروع کرتے ہیں اور خون کی نالیوں کے نیچے خون رسنا شروع کرتا ہے۔ معدہ کی دیوار آب رکھتی ہے ایک کھُلی خرابی۔ جب تک کہ اِس کی اصلاح نہیں ہوپاتی، معدہ کے خود کے اپنے افرازات معدہ کے خلیات کو مارنے کا عمل جاری رکھتے ہیں، اور غذا ہضم ہونے میں نہیں آتی ہے۔ معدہ میں حفاظتی پرت کے جانے دینے کے نتیجہ میں، غذا ہاضمہ کے لئے معدہ کے اوپر کے حصہ میں پہنچتی ہے۔ یہاں پر کسی بھی انزائمس کا افراز نہیں ہوتا۔ خام غذا معدہ کے اِس حصہ میں آتی ہے۔ غذا کے نگلنے کے بعد، ہاضمہ جاری رہتا ہے اِن غذا کے خود کے انزائمس کے ساتھ آدھے گھنٹہ سے ایک گھنٹہ تک۔ اِس کے بعد Pepsin، معدوی انزائمس، اِن کی جگہ لیتے ہیں۔

اگر غذا پکی ہوئی ہوتی ہے، معدہ کے اِس اوپری حصہ میں آدھے گھنٹہ سے ایک گھنٹہ تک اِنتظار میں رہتی ہے، بغیر کسی انزائمس کے ذریعہ چھوٹے ذرات میں بٹنے کے، لُعابی انزائمس کاربوہیڈریٹس کی تحلیل کرتے ہیں، لیکن پروٹین اور چربی کو انتظار کرنا پڑتا ہے۔ یہ غذائیں معدہ میں ایک مختلف طریقہ عمل سے گذرتے ہیں مقابلہ میں کچی غذاؤں کے جو پہلے ہی سے اپنے میں انزائمس رکھتے ہیں، کیونکہ جسم کا Metabolism کو پورے طور پر اپنی توجہ کو مرکوز کرنا چاہیے مہیا کرنے مٹابالک انزائمس، عضویات اور بافتوں کو۔ دوسرے الفاظ میں، دوسرا باشعور موقعہ بنایا جاتا ہے جسم کے اندر۔ اِس طرح رکھنے پر معدہ کے اِس حصہ میں کچھ وقت کے لئے، غذا شروع کرتی ہے ٹوٹنا، گیا سڑک انزائمس کے عمل سے۔

طریقہ ترشہ کے افراز کا معدہ میں طے ہوتا ہے غذا کی موجودگی کے ذریعہ ہی۔ معدہ میں غذا کی موجودگی کے نتیجہ میں، مخصوص خلیات کارکرد ہوجاتے ہیں، افراز کرتے ہوئے ایک ہارمون کا جو جانا جاتا ہے بطور Gastrin کے جو خوں کے بہاؤ میں شامل ہوجاتا ہے۔ تب وہ اُبھارتا ہے ایک سگنل غدود کو جو Hcl افراز کرتے ہیں اور اِس طرح تحریک ہوتی ہے Gastric Juice کے افراز کی۔

Gastric Juice کے افراز میں اعصابی نظام بھی ایک اہم کردار ادا کرتے ہیں، کیونکہ غدود جو ذمہ دار ہوتے ہیں اِس افراز کے اعصابی نظام کے کنٹرول کے تحت

ہوتے ہیں۔ اِس لئے ہضمی رس کا افراز دونوں ہارمونس کے کنٹرول میں ہوتا ہے اور اعصابی نظام کے تحت بھی ہوتا ہے، جس کی وجہ سے تناؤ بڑھتا ہے اور اونچا بلڈ پریشر، Ulcers کی بناوٹ کا باعث بن جاتا ہے۔ حقیقت میں اس لئے یہ ہوتا ہے کافی، کہ ہم سونگھتے ہیں، چکھتے ہیں یا حتکہ سوچتے ہیں غذا کے بارے میں، بھیجہ کے لئے بھیجتے پیامات افرازی غدود کو معدے میں، اعصابی نظام کی صلاحیت کا مظاہرہ کرانے ہضمی طریقہ عمل میں۔ Pepsin سرگرم انزائم ہوتا ہے جو معدہ میں پروٹینس کی تحلیل کرتا ہے۔ معدہ کے دیواروں کے خلیات پیدا کرتے ہیں اِس اِنزائم کو ایک غیر سرگرم شکل میں رہتا ہے، جو بطور Pepsinogen کے نام سے جانا جاتا ہے۔ جیسا کہ پہلے ذکر آچکا ہے، Pepsinogen, Hcl کو Pepsin میں تبدیل کرتا ہے۔ گیاسڑک افرازی غدود سے Pepsinogen کا افراز اُسی وقت ہارمون Gastrin کے سرگرمیوں کے تحت ہوتا ہے۔ معدہ میں غذا کی موجودگی میں، Gastrin کا افراز، ہیڈروکلورک ترشہ یعنی Hcl کی پیداوار اور Pepsinogen کا Pepsin میں بدلاؤ تمام ایک دوسرے کے ساتھ باہمی جڑے ہوئے ہوتے ہیں۔ اِس لئے، غذا کا معدہ میں داخلہ ایک Chain کی بناوٹ کے اعلیٰ پیچیدہ مراحل کا آغاز کرتا ہے۔

Pepsin بڑے بڑے پروٹین سالموں کو چھوٹے چھوٹے Polypeptides میں تبدیل کرتی ہے، لیکن ہر Polypeptides سالمہ رکھتا ہے ایک کثیر تعداد باہمی ربط ضبط کے Amino Acids کی۔ اِن کی توڑ پھوڑ یا تحلیل جاری رہتی ہے چھوٹی آنت میں۔ وہاں ہوتا ہے ایک گیٹ، جہاں پر معدہ کھلتا ہے آنت میں، جس کی موجودگی بڑی ہی اہمیت کی حامل ہوتی ہے، کیونکہ اگر معدہ علیحدہ نہ ہوتا آنت سے، تو اُس کا لازمی نتیجہ ہوتا امکان غذا کا آنت میں سے ہونے کا واپس پھر معدہ میں، جو رکھتا ہوتا ایک تباہ کن اثر معدہ کے اپنے ترشئی ماحول پر۔ انزائمس انت میں کارکرد ہوتے ہیں ایک زیادہ غیر جانبدار اور قلوی ماحول میں، اور یہ مخصوص انزائمس کمزور پڑ جاتے ہیں معدہ کی ترشی کیفیت سے اور خطرناک نتائج پیدا کرتے ہیں۔

ہضمی انزائمس ہمیشہ یکساں ساختیں، اور افعال رکھتے ہیں، پھر بھی جو آنتوں

میں کام کرتے ہیں گیاسڑک ماحول نہیں اپنا سکتے، اور نہ یوں ہی اِس کے برعکس بھی۔ یہ بات بتلاتی ہے کہ ہر علاقہ، ہر بافت، ہر عضو جو مختلف خواص کے جسم میں پیدا کئے جاتے ہیں، اور اِنزائمس بھی اُن خصوصیات سے آراستہ رہتے ہیں جو اُن شرائط سے مناسبت رکھتے ہیں جو اِن علیحدہ ماحولوں میں درکار ہوتے ہیں۔

☆ آنتوں میں خاص الخاص انزائمس

آنت خاص طور پر غذاؤں کو اپنے میں قابل نفوذ حالت میں لانے کے لئے پیدا کئے گئے ہیں۔ کیمیائی واقعات جو آنتوں کی دیواروں میں وقوع پذیر ہوتے ہیں — اور بے عیب نظام جو غذاؤں کو قابل نفوذ حالت میں لاتا ہے اور بعد ازاں اُن کو دوران خون کے ذریعہ مختلف بافتوں میں تقسیم کرتا ہے — یہ نظام صحیح معنوں میں حیرت انگیز ہوتا ہے۔ آنت کی دیوار کا تقریباً ہر ایک مربع ملی میٹر بے شمار انزائمس پیدا کرتا ہے جو علیحدہ پروٹینس کو مختلف Peptides میں بدل دیتے ہیں اور اُنہیں تحلیل کر کے Amino Acids میں، کاربوہیڈریٹس کو گلوکوز میں اور چربی کو Fatty Acids اور گلیرال میں بدل دیتے ہیں۔ یہ انزائمس بہت ہی مختلف اقسام کے ہوتے ہیں، مختلف افعال کے اور مختلف رفتاروں کے ساتھ کام کے ہوتے ہیں۔ ایک انزائم جو پھل کے شوگر کو یا فرکٹوز کو توڑ دیتا ہے، ہوتا ہے اُس سے بہت ہی مختلف جو ڈیری فارم کی پیداوار میں شوگر کو توڑ دیتا ہے، یا Lactase کو توڑ دیتا ہے، تاہم ایک اور الگ انزائم نشاستہ کو توڑ دیتا ہے۔ کیونکہ جیسا کہ ہم اِس سے پہلے دیکھ چکے ہیں، کہ انزائمس بہت ہی حساس کام کے شرائط رکھتے ہیں، تپش اور Ph یہاں پر، انزائمس کے لئے معیاری لیولس پر رکھے جاتے ہیں جو اپنے الگ الگ افعال کی انجام دہی کے ساتھ تیار کئے جاتے ہیں۔ چونکہ معدہ اور آنت کے ساخت اور موڈ کے طریقہ ہائے عمل بالکلیہ طور پر ایک دوسرے سے مختلف ہوتے ہیں، انزائمس جو ایک ترشئی ماحول میں کام کرنے کے قابل ہوتے ہیں، اُنہیں وقت پر معدہ میں حاضر رہنا چاہیے ہوتا ہے۔ جبکہ اور وہ دوسرے ایک قلوی ماحول میں، چھوٹی آنت میں کام کرنے کے قابل ہونا چاہیے ہوتا ہے۔ غذائیں جو معدہ کے ترشئی سخت حالات سے گذرتی ہیں، چھوٹی آنت میں نرم حالات کا

سامنا کرتی ہے۔ جُزوی طور پر ہضم شدہ غذا اور گاڑھا رس معدہ کے ترشئی ماحول سے گذرتے ہوئے آنت میں آتا ہے، یہاں پر وہ آنت کے لئے نقصان دہ ہونا نہیں چاہیے ہوتا ہے۔ جہاں پر لبلبی رس(Pancreatic, Juice) اِس پر عمل پیرا ہوتا ہے۔

جیسا کہ تم مختصر طور پر چند ایک تفصیل دیکھتے ہیں، لبلبی رس اور اُس کے خاص الخاص انزائمس لانما نلی (Duodenum) میں لبلبی نالی کے ذریعہ داخل ہوتے ہیں اور Ph کے لیول کو قدرے قلوی بنا دیتے ہیں۔ لاٹیوب میں، انزائمس چربی کی تحلیل کر دیتے ہیں۔ چربی کو حل کرنے والے محلل جو تیار ہوتے ہیں لبلبہ میں غذاؤں کے ہاضمہ کی رفتار میں اضافہ کرتے ہیں، یہاں جمع ہو کر۔ لبلبی رس اپنے میں Trypsin رکھتا ہے، ایک خاص طور پر طاقتور انزائم ہوتا ہے، جو لانما نلی میں داخل ہوتا ہے بغیر کسی سرگرمی کی شکل کے، جو Trpsinogen کہلاتا ہے۔ ایک آنت کے انزائم سے سرگرم عمل ہوتا ہے اور پورے طور پر حرکت میں آتا ہے غذا کی موجودگی میں، اور Trypsin میں بدل جاتا ہے، جو Polypepsitides کے Peptide Bonds کو توڑ دیتا ہے اور قدرے چھوٹے Peptide کے ٹکڑوں میں بانٹ دیتا ہے، Trypsin پروٹین کے بڑے سالموں کو بھی توڑ دیتا ہے جو ابھی معدہ میں Pepsin سے متاثر نہیں ہوئے تھے۔

لانما نلی کے دیواروں میں موجود افرازی غدود بھی، اور دوسرے انزائمس بھی چھوڑتے ہیں جو Peptide Bonds کو علیحدہ کرتے ہیں۔ Bonds جو سالمے بناتے ہیں، ٹوٹ کر بکھر جاتے ہیں اور اخرش پیداوار جو پروٹین کے ہاضمہ کے نتیجہ میں اُبھرتے ہیں ہوتے ہیں Amino Acids، جو تمام پروٹینس کے بنیادی بلڈنگ بلاکس ہوتے ہیں۔ چربی جو غذا کے ساتھ ہضم ہونے نہیں پاتی ہے وہ بھی چھوٹی آنت میں ہضم ہو جاتی ہے۔ بہر حال، وہ چربی کے چھوٹے چھوٹے قطرات کی شکل میں آ جاتے ہیں۔ انزائم Lipase چربی کے ہضم میں شریک رہتا ہے، اِس چربی پر عمل پیرا نہیں ہو سکتا ہے جب وہ رہتے ہیں قطروں کی شکل میں۔ یہ ہے جہاں پر پت رس(Bile Juice) اِس عمل میں شامل ہو جاتا ہے۔ پت (Bile) کا افراز جگر (Liver) کے ذریعہ ہوتا جو پتہ (Gall

Bladder) میں جمع رہتا ہے، اور کوئی ہضمی انزائمس نہیں رکھتا ہے۔ پت نمک (Bile Salt) جو پت (Bile Juice) میں پایا جاتا ہے، چربی کو چھوٹے قطرات (Globules) میں بانٹ دیتا ہے اور Lipaze انزائم سے ہضم ہونے کے قابل بناتا ہے۔ 90% پت نمک جذب ہو جاتا ہے جیسے ہی وہ چھوٹی آنت کے نچلے حصہ سے گزرتا ہوتا تھا اور تب وہ واپس لوٹتا ہے جگر کو استعمال میں آنے پھر دوبارہ ہاضمہ کے لئے۔

جب ایک دفعہ پت (Bile Juice) اپنا کام ختم کر لیتا ہے، چربی کو ہضم کرنے والے انزائمس تب پھر سے اپنی باری کے لئے تیار رہتے ہیں۔ لبلبی رس (Pancreatic Juice) میں موجود Lipase انزائمس، چربی پر عمل کرتے ہیں اور چربی کو Fatty Acids اور گلیسرال میں تبدیل کر دیتے ہیں۔ اِس سارے طریقہ عمل کے دوران، کئی سو احتیاطی اقدامات کئے جاتے ہیں۔ غذا جو معدہ سے آتی ہے، وہ ترشہ کے باقیات سے پاک حالت میں چھوٹی آنت میں داخل ہونا چاہیے ہوتا ہے۔ خاص انزائمس کو ہنوز ناقابل ہضم غذا کو ہضم کرنے کے لئے موجود رہنا ضروری ہوتا ہے، اور ماحول کو باقاعدگی بنائے رکھنے کی ضرورت ہوتی ہے تاکہ تمام ہضمی عمل ممکن ہو سکے۔ کیمیائی پیام رسان کو بھی اِس کے مطابق عمل کرنے کی ضرورت ہوتی ہے، اور مددگار سالموں کو کام پر بدستور حاضر رہنے کی ضرورت ہوتی ہے۔ لبلبہ (Pancreas) ایک بہت ہی خاص عضو ہوتا ہے جو ان کاموں کیے لئے ایک خاص رس کا افراز کرتا ہے جو لبلبی رس (Pancreatic Juice) کہلاتا ہے۔

☆ لبلبہ: ایک کارخانہ ہے جو ہضمی انزائمس پیدا کرتا ہے

لبلبہ ایک چھوٹا عضو ہے، جس کی جسامت (6) اِنچس اور وزن تین اونس ہوتا ہے۔ یہ جسم کا ایک پوشیدہ عضو ہوتا ہے، کیونکہ اِس کا مقام معدہ کے پیچھے چھپا رہتا ہے۔ یہ باہمی ربط کے بہترین نالیاں (Tubes) رکھتا ہے جو باہم ملک کر ایک Door Way کی شکل میں لانما نلی (Duodenum) میں کھلتے ہیں جہاں سے لبلبی رس گذرتا ہے جو آنت کے لئے زندگی کی حفاظت کا ایک کردار ادا کرتا ہے۔ باوجود اِس کے کہ وہ چھوٹی جسامت کا ہوتا ہے، لبلبہ افرازی ہضمی انزائمس میں ایک بہت اہم کام انجام دیتا ہے، جو ہضمی نظام کو

پہنچائے جاتے ہیں اور جو بطور لبلبی رس (Pancreatic Juice) کے مشہور ہے۔ وہاں پر دوسرے اعتدالی عناصر بھی اِس Fluid میں ہوتے ہیں، جس کی مقدار، لبلبہ ہر دن میں 5 لیٹر پیدا کرتا ہے — بہت ہی زیادہ لیول کی پیداوار ہوتی ہے ایک چھوٹے سے عضو کے لئے جو وزن میں محض تین اونس ہوتا ہے۔ جب لانما نلی (Duodenum) کا سامنا (Gastric Juice) سے ہوتا ہے تو لبلبی رس کی پیداوار میں تیزی سے اضافہ ہوتا ہے۔ معدہ کو چھوڑنے کے بعد، غذا قدرے ایک گودے کا گاڑھا پن اختیار کرتی ہے اور وہ پہلے لانما نلی میں پہنچتی ہے۔ یہ جو پہنچتا ہے معدہ سے، طاقتور ترشئی گودا ہوتا ہے حل ہونے میں کافی پتلا، باریک لانما نلی کے اندرون میں۔ تاہم یہ ترشی رہنے نہیں پاتا ہے، کیونکہ لبلبی رس قلوی ہوتا ہے، جو زیر بحث ترشہ کو بے اثر کر دیتا ہے۔ اِس طرح غذا چھوٹے آنت میں جانے کے قابل ہو جاتی ہے بغیر کسی خطرے کے......

لبلبی رس کی پیدائش ایک باقاعدگی لانے کا طریقہ عمل ہے۔ جب تم کھانے کی میز پر بیٹھتے ہو، ہزار ہا ننھے ننھے تھیلی جیسے کھفے، یا لبلبی خلیات، لبلبہ میں اعصابی نظام سے تحریکات حاصل کرتی ہیں اور لبلبی رس پیدا کرنا شروع کرتے ہیں۔ بہر حال، لبلبہ پورے آب و تاب سے کام کرنا شروع نہیں کرتا جب تک کہ تمہاری غذا واقعتاً لانما نلی کے Doorway سے نہیں گذرتی ہوتی ہے۔ جوں جوں زیادہ غذا پہنچتی جاتی ہے ویسے ویسے زیادہ انزائم جو افراز ہوتے ہیں۔

لبلبہ، جو مختلف غذائیں ہم لیتے ہیں اُن کے درمیان بھی تشخص کر سکتا ہے، اور اُس لحاظ سے مختلف انزائمس افراز کرتا ہے۔ مثال کے طور پر، جب تم Paste یا Bread جیسے غذائیں کھاتے ہو جو کاربوہیڈریٹس سے لبریز ہوتے ہیں، لبلبہ خاص طور پر ایک کاربوہیڈریٹس ہضم کرنے والے انزائم جو Amylase کہلاتے ہیں، افراز کرتا ہے۔

یہ میکانیزم غیر معمولی طور پر حساس ہوتا ہے، انزائمس ضائع ہونا نہیں چاہیے ہوتا ہے، اور اُس وقت پر، آنت اتفاقاً خود اپنے دیواروں کو ہضم نہ کرنے دینا ہونا چاہیے ہوتا ہے۔ یہ سب نظام کو چاہیے ہوتا ہے پیدا کرنا مناسب مقداریں انزائمس کی ایک زندہ جسم میں

بدستور زندہ رکھنے کے لئے۔ اگر یہ طریقہ عمل ہمارے شعوری کنٹرول کے تحت میں نہ ہوتا، تو کیا ہم ہمارا تمام وقت حسابی لحاظ سے جب خرچ پاتے، جو کہ، اور کیسے کثیر انزائمس جنکو پیدا ہونے کی ضرورت لاحق ہوتی اور اُن کے استعمال کے بارے میں سوچنے پاتے؟ بہر حال، اُن کی پیداوار اور عمل درآمد واقعتاً ہمارے کنٹرول اور علم سے باہر ہوتا ہے۔ دوسری ساختیں — دوبارہ جو چربی اور پروٹینس پر مشتمل ہوتی ہیں — قابل لحاظ انزائمس پیداوار کے ساتھ ہوتے ہیں۔ ہارمونس خاص طور پر آنت کی دیوار میں تیار ہوتے ہیں، Secretin اور Pancreozymin، تحریکی انزائم پیداوار کے کام پر لئے جاتے ہیں۔ Secretin ہارمون، لبلبہ میں تحریک پیدا کرتا ہے لبلبی رس کے افراز کے لئے، سوڈیم بائی کاربونیٹ کی وافر مقدار اپنے میں رکھتا ہے جو ترشہ کو بے اثر کرتی ہے۔ Pancreozymin ہارمون متحرک کرتا ہے انزائمس کی پیداوار کو جو لبلبہ سے ہوتی ہے۔

جب غذا معدہ سے لانما نلی میں آتی ہے، تو Secretin اور Pancreozymin ہارمونس خون کے بہاؤ میں چھوڑے جاتے ہیں۔ شکرگزار ہیں ہم اِن ہارمونس کے لئے، کہ لانما نلی، Hcl کے تباہ کن اثرات سے محفوظ رہتی ہے۔ خون کے بہاؤ کے ذریعہ، Secretin اور Pancreozymin ہارمونس لبلبہ تک رسائی ہوتی ہے اور تب وہ سگنل دیتا ہے پیدا کرنے کافی مقدار Fluid کی جو اپنے میں پانی کی، سوڈیم بائی کاربونیٹ اور ہضمی انزائمس کی وافر مقداریں رکھتا ہے، جو لانما نلی کے تحفظ کے لئے، Utube میں ہی چھوڑی جاتی ہیں۔ یہ افرازات، جیسا کہ پہلے ذکر آچکا ہے، لبلبہ نالی کے ذریعہ لانما نلی میں پہنچ پاتے ہیں۔ عضو جو ہارمونس کو حرکت میں لاتا ہے، وہ معدہ ہوتا ہے — دوسرا عضو چربی اور پروٹینس پر مشتمل ہوتا ہے۔ جیسے ہی اِن کا ہضمی عمل شروع ہوتا ہے، معدہ ایک پیام اِس بارے میں، لانما نلی کو بھیجتا ہے، جیسا کہ وہ پہلے ہی سے جانتا ہے کہ بالقواۃ طور پر تباہی کا سامان غذا کی شکل میں بڑھ رہا ہوتا ہے فوری بعد کے ٹھکانہ پر یعنی لانما نلی میں۔ جو فوری طور پر زیر بحث ضروری ہارمونس کو افراز کرنا شروع کرتا ہے اور چھوڑتا ہے اُنہیں Blood Stream میں۔ پہلی نظر میں، یہ خطرات سے پُر کاروبار دکھائی دیتا ہے،

کیونکہ خون تو سارے جسم میں دوڑتا ہے، اِس لئے اِن ہارمونس کو ضرورت لاحق ہوتی ہے جان پانے کی کہ کہاں اُنہیں لے جانا ہوگا اُس سگنل کو۔ پھر بھی وہ حقیقت میں، وہ لے جاتے ہیں اُن کے پیام کو محض لبلبہ تک ہی، بغیر رُکے کے کسی دوسرے خلیوں پر۔ بطور شہادت کے لامحدود تفصیلی کے ساتھ اپنی تخلیقی کاریگری میں، اللہ نے پیدا کیا ہے اِن ہارمونس کے سالماتی ساختوں کو باہمد گر اثر انداز ہونے محض Receptors سالمات کے ساتھ لبلبی خلیات کی جھلی پر۔ دو چھوٹے سالمے، اِنسانی جسم میں، جو ایک دوسرے کے وجود سے بالکلیہ طور پر ناواقف ہوتے ہیں، ایک دوسرے کے ساتھ ربط پیدا کرتے ہیں، جانتے ہوئے کہ اُنہیں کیا مقصد پورا کرنا ہے، اُن کے منازل کیا ہیں، اُن کے خواص کیا ہیں اور فرائض کیا ہیں۔

وہ کبھی ایک دوسرے کو دیکھ نہیں پاتے ہیں، اور وہ کوئی تصور ہی نہیں رکھتے کہ کیا کچھ انسانی تشریح الاعضاء دکھائی دیتے ہیں مثل کس کے یا کیسے بڑے وہ ہوسکتے ہیں۔

الغرض انہیں ضرورت ہوتی ہے رکھنے کی کافی ذہانت اور شعور تا کہ اِس لحاظ سے خبردار رہ سکیں، حاصل کرنے ایک عام مقصد کو۔ بے شک، وہاں پر کوئی وجہ نہیں ہوتی ہے خیال کرنے ذہانت اور شعور کے بارے میں، سالمات میں جو کوئی آنکھ، کان یا بھیجہ نہیں رکھتے۔ ذہانت اور شعور جو اشکار ہے اِن معجزاتی کاموں میں جو انجام دئے جاتے ہیں اِن مادوں سے جو اللہ کی ملکیت ہوتے ہیں، جو بغیر کسی چیز کے انسانی جسم کو پیدا کرتا ہے۔ یہ معجزاتی تفصیل تخلیق کرنے کی وجوہات میں سے ایک ہوتی ہے لوگوں کے لئے سمجھنے اور اپنے تاثر کا اظہار کرنے اِس بڑی حقیقت پر، جس کا حوالہ قرآن میں اِن معنوں میں پیش کیا گیا ہے: ''اللہ نے سات آسمان پیدا کئے اور انہی کی طرح زمین بھی اور اِن سب میں اللہ کے احکام نازل ہوتے رہتے ہیں اور تم کو معلوم ہو جائے کہ اللہ ہر چیز پر قادر ہے اور اللہ ہر شئے کو اپنے احاطہ علمی میں لئے ہوئے ہے۔'' (سورہ الطلاق، 12)

لبلبہ (Pancreas) کی انزائمس کی پیدا کرنے کی صلاحیت آنے والی غذا کی ماہیت اور مقدار کے مطابق ہونا، دوسرا معجزہ، اپنے آپ میں تمام، ایک نظیر ہوتا ہے۔ لبلبہ کو کیمیائی ضابطوں کا جاننا، تعین کرنا کہ کون سے انزائمس، کون سی غذا کی قسم کو ہضم کرتے ہیں،

اور لگے رہنا پیداوار میں، اِن کے مطابق ضروری ہوتا ہے۔ اِس کے نتیجہ میں باقاعدہ طریقہ عمل، لبلبہ اپنے انزائم سے مالا مال مائع میں لانما نلی کو خون کے بہاؤ کے ذریعہ بھیجتا ہے، جو چار اہم، اہمیت کے حامل اقسام کے انزائمس پر مشتمل ہوتا ہے: Lipase, Trypsin, Chymotrypsin اور Amylase ہوتے ہیں۔ پہلے دو، Trypsin اور Chymotrypsin، پروٹینس کو توڑ کر Amino Acids میں بدل دیتے ہیں جو بعد از ان Blood Stream کے ذریعہ سارے جسم کا سفر کرتے ہیں اور جسم کی بافتوں کی بناوٹ میں استعمال میں آتے ہیں۔ Amylase، غذا کے نشاستہ کو سادے شوگر میں بدلتا ہے۔ Lipase، چربی کے چھوٹے چھوٹے قطرات کو توڑ کر انہیں Fatty Acids اور گلیسرال میں بدل دیتا ہے۔ انزائمس کے تیز رفتاری کا شکریہ، یہ سب کچھ ایک بہت ہی وقت کے چھوٹے سے عرصہ میں طے پاتا ہے۔ آیا تم استعمال کرتے ہوتے وہی غذا جس کا آرڈر دیا ہوا ہوتا ہے ایک Four Star Restaurant سے یا محض ایک سادہ سا روٹی کے ٹکڑے کے، وہ تمام اختیار کرتا ہے ایک ہی طرح کا اِظہار لانما نلی میں۔ تمہاری رکابی پر موجود غذا کی حالت بالکلیہ مختلف ہوتی ہے، کہ کیسے وہ ختم ہو جاتی ہیں لانما نلی میں سے یکا یک۔

انزائمس توڑ دیتے ہیں اس کو، گھٹا دیتے ہیں ٹکڑوں کی جسامت میں، نکال دیتے ہیں ناکارہ مادوں کو اور ماباقی کو الگ کر دیتے ہیں، تمہارے جسم کو زندہ رکھنے کی خاطر۔

☆ ہضمی انزائمس اور اُن کی پرفکٹ تنظیم

لبلبی خلیات میں جب ایک باقاعدہ ترتیب لائی جاتی ہے تجزیاتی لحاظ سے ایک وحدت میں، بعض انزائمس ہنوز ایک سرگرم حالت میں نہیں آپاتے۔ یہ ہو جاتے ہیں سرگرم صرف آنت کے راستہ سے گذرنے کے بعد۔ کیمیائی Trypsin، پہلے ذکر کئے ہوئے انزائمس میں سے ایک ہے، نمائندگی کرتا ہے ایک بالقواۃ خطرے کی، جسم کے خلیات کے لئے۔

اس وجہ کے لئے، یہ ایک بے عملی کی شکل میں افراز کیا جاتا ہے جو Trypsinogen کہلاتا ہے۔ جس لمحہ Trypsinogen، آنت کے بلغمی جھلی (Mucosa) سے تماس میں آتا ہے، انزائم Enterokinase کا افراز ہوتا ہے جو

Trypsinogen اِس کو سرگرم حالت میں تبدیل کرتا ہے۔ ویسے Trypsinogen، وہاں پہلے سے موجود Trypsin کے اثر سے سرگرم ہو کر رہتا ہے۔

یہ بات بہت ہی اہم ہوتی ہے کہ لبلبی رس میں پائے جانے والے اِنزائمس کو آنت کی طرف بڑھنے سے پہلے کبھی بھی سرگرم عمل ہونا نہیں ہوتا ہے، ورنہ Trypsin اور دوسرے انزائمس خود لبلبہ کو ہضم کر لے سکتے ہیں۔ اس لئے خلیات جو زیر بحث انزائمس کا افراز کرتے ہیں، وہ ساتھ میں ایک مادہ بھی پیدا کرتے ہیں جو ٹرپسن مزاحمت کار (Trypsin Inhibitor) کہلاتا ہے، Trypsin کو اِن خلیات میں سرگرم ہونے سے روکتا ہے، اِس کے علاوہ لبلبی نالی میں بھی Trypsin کو ایسا ہونے سے روکتا ہے اور چونکہ Trypsin دوسرے انزائمس کو بھی سرگرم کرتا ہے، اس لئے ٹرپسن مزاحمت کار دوسرے انزائمس کو بھی سرگرم ہونے سے روکتا ہے۔ یہ دو انزائمس — Trypsin اور اُس کا مزاحمت کار جب کہ یہ باہم ایک ساتھ افراز کئے جاتے ہیں تو کوئی اثر پیدا نہیں کر سکتے۔ لیکن ایک دفعہ وہ لانما نلی میں پہنچ پاتے ہیں تو وہ ایک دوسرے سے الگ ہو جاتے ہیں، ٹھیک جیسے کہ وہ ایسا کرنے کے لئے حکم دئے گئے ہوں۔ ہضمی طریقۂ عمل میں یہ تقسیم بہت ہی اہم ہوتی ہے، چونکہ Trypsin، فوری طور پر چھوڑا جاتا ہے، اُس غذا کے پروٹین کو تحلیل کرتا ہے جو لانما نلی میں پہنچتی ہے۔ لمحہ (وقت) اور جگہ جبکہ یہ دو مادے ایک دوسرے سے الگ ہوتے ہیں بہت ہی یکساں یعنی ٹھیک۔ اگر وہ ایک دوسرے سے بہت پہلے ہی جدا ہوتے، تو Trypsin خود لبلبہ کو تباہ کر دیا ہوتا۔ اگر وہ کبھی الگ نہیں ہو پاتے، تب غذا جو جسم میں داخل ہو رہی ہوتی، ہضم ہونے نہیں پاتی۔ تاہم وہ کبھی اِس غلطی کے مرتکب نہیں ہوتے ہیں۔ ہر غذا کھاتے ہو ہضم ہوتی ہے نتیجہ میں کہ یہ دونوں سالمات جب ٹھیک سے یہ جان پاتے ہیں کہ کب اِنکو ایک دوسرے سے الگ ہونا ہے۔ یہ جانکاری ٹھیک طور پر موزوں ہوتی ہے ٹھیک طور پر صحیح جگہ اور صحیح وقت پر۔ یہ بے شک انزائمس کے لئے ناممکن ہوتا ہے قابل ہونا رکھنے وقت کو قائم ٹھیک طور سے، اتفاقات کے ذریعہ یا خود کے اپنے ارادہ کے تحت، ایک انزائم، دوسرا پروٹین جو روکتا ہے اُس کو، لبلبہ جو پیدا کرتا ہے ان دونوں کو، ہارمونس جو اِن

دونوں کے درمیان سفر کرتا ہے بحیثیت پیام رسان کے — علاوہ تمام سالمے، دوسرے پروٹینس اور انزائمس کے جو اِن مظاہر قدرت میں شریک رہتے ہیں پورے طور پر — تمام ہو نہیں سکتے ایک ہی جگہ میں ایک ہی وقت پر یا کام کر سکتے ہیں باہم اتحاد کے ساتھ پورے طور پر، اتفاق سے۔ یہ ناممکن ہوتا ہے اِن میں سے ایک واحد کے لئے بھی بن پائیں اتفاق سے۔ اللہ پیدا کرتا ہے اِن تمام کو، اور وہ تمام ہوتے ہیں مستقل طور پر فرمانبرداری کی حالت میں اللہ کے لئے۔ کیا ہوتا اگر وہاں پر کوئی Trypsin Inhibitor نہ ہوتا؟ کوئی بھی ناکامی اِس میکانیزم کے کوئی کام کرنے میں، نتیجہ موت کی شکل میں ظاہر ہوتا۔ مثال کے طور پر جب لبلبہ شدید طور پر زخمی ہو پاتا یا جب ایک گذرگاہ روک لے جاتی، تو ایک قابل لحاظ مقدار لبلبی رس کی تباہ شدہ رقبہ میں جمع ہو جاتی ہے۔

ایسا کچھ ہوسکتا تھا جب کہ ٹرپسن مزاحمت کار کافی نہ ہوتے تھے رکھنے انزائمس کو باہم مصروف کام میں زیادہ تیز رفتاری کے ساتھ، جس کے نتیجہ میں سارے لبلبہ کو چند ہی گھنٹوں میں ہضم کر لیتے تھے اور اس کی وجہ سے جو صدمہ لاحق ہوتا، وہ عموماً موت پر ختم ہوتا یا لبلبہ کے دورِ حیات میں کمی کا باعث ہوتا تھا۔

